نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
Facebook: www.facebook.com/AgriDepartment **Twitter:**@agri_department
www.agripunjab.gov,pk

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیرِ اہتمام کھادوں کے متوازن استعمال اور ہارٹیکلچرل پراڈکٹس کے فروغ کیلئے منعقدہ دو روزہ کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 کا اختتام

نمائش میں 9 ممالک سے تعلق رکھنے والے 45 ماہرین شریک ہوئے جبکہ 100 سے زائد مختلف سٹالز ایکسپو سینٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے گئے

کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 کے انعقاد سے کاشتکاروں کو متوازن کھادوں کے استعمال سے متعلق آگاہی اور زرعی برآمدات بڑھانے میں مدد ملی: سیکرٹری زراعت احمد عزیز تارڑ

لاہور 29 جنوری 2023: (   ) محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام منعقدہ کھادوں کے متوازن استعمال اور ہارٹیکلچرل پراڈکٹس کے فروغ کیلئے منعقدہ" کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو2023" کا آج اختتامی روز تھا جس میں محکمہ کے افسران اور کاشتکاروں امپورٹرز و ایکسپورٹرز کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔اس بین الاقوامی نمائش میں 9 ممالک (سعودی عرب،موریشیش،سری لنکا،جنوبی افریقہ،کینیا،بحرین،تاجکستان،قازقستان اور روس) کے 45 وفود اور امپورٹرز و ایکسپورٹرز شریک بھی شریک ہوئے اور ملکی و بین الاقوامی اداروں کی طرف سے 100 سے زائد سٹالز ایکسپو سینٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے گئے۔نمائش کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے سیکرٹری زراعت احمد عزیز تارڑ نے کہا کہ پاکستان میں زراعت کا شعبہ قریباً 63 فیصد زرمبادلہ کے حصول کا ذریعہ ہے جس کا مجموعی طور پر 70 فیصد صوبہ پنجاب پر منحصر ہے۔کھجور اور سٹرس (کینو،مالٹا،سنگترہ) کی پیداوار کے لحاظ سے پاکستان کا شمار دنیا کے تیسرے بڑے ملک میں کیا جاتا ہے جبکہ آم کی پیداوار کے لحاظ سے پاکستان دنیا بھر میں چوتھے نمبر پر ہے۔دنیا بھر میں پاکستان کا ہارٹیکلچرل پراڈکٹس کی برآمد میں ایک نمایاں مقام ہے۔پاکستان میں ایسے تمام وسائل موجود ہیں جن کی وجہ سے پاکستان سرمایہ کاری کیلئے ایک ترجیحی ملک گردانہ جائے۔کھاد میلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 کے انعقاد سے کاشتکاروں کو کھادوں کے متوازن استعمال اور ہارٹیکلچرل کراپس کے متعلق آگاہی حاصل ہوئی۔اس کے ساتھ پاکستانی ہارٹیکلچرل پراڈکٹس کو دنیا بھر میں نئی منڈیاں ملنے کے امکانات روشن ہوئے ہیں۔اس نمائش سے کاشتکاروں،ملکی و بین الاقوامی کمپنیوں، پروسیسرز، درآمد و برآمد کنندگان کیلئے قومی و بین الاقوامی سطح پر رابطہ کاری کے وسیع مواقع میسر آئے اور انھوں نے 30 سے زائد بزنس میٹنگز بھی کیں۔پاکستان ہارٹی ایکسپو 2023 سے پاکستانی ہارٹیکلچر کراپس اور ان کی مصنوعات کو فروغ دینے کے لئے دنیا بھر کے تاجروں سے رابطے میں مدد ملی ہے جس سے ہارٹیکلچر کے شعبے میں بہتری آئے گی اور ہماری زرعی برآمدات میں بھی اضافہ ہوگا۔اس موقع پر ہارٹیکلچر ہائی ویلیو ایگریکلچر کراپس اور ان کی مصنوعات کی برآمدات میں اضافہ کرنے بارے شرکاء کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے متعلق معلومات فراہم کرنے کیلئے سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں ماہرین نے خطاب کیا اور سٹرس سپلائی چین کو بہتر بنانے کیلئے تجاویز پیش کیں۔اختتامی تقریب میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب فیصل ظہور، اسپشل سیکرٹری زراعت وقار حسین، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی، چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد محمد نواز خان میکن و دیگر افسران نے شرکت کی۔تقریب کے اختتام پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے بیرونِ ممالک سے شریک ہونے والے مندوبین اور افسران کو یادگاری شیلڈز سے بھی نوازا

☆☆☆☆